فلسطینی، عالم اسلام کی ’آبرو‘ بن گئے

نمائش میدان میں اسرائیلی جارحیت کیخلاف جلسہ عام سے اکابرین ملت کا خطاب

حیدرآباد، 13/جون۔ (ایس این بی رکن نیوز) فلسطین کی سرزمین پر اسرائیل اور حماس کے درمیان شروع ہونے والی اس طویل جنگ میں فلسطینی مرد و خواتین اور معصوم بچوں کیساتھ جانیں مال و جائیداد ہی تباہ و برباد ہورہی ہیں۔ یہ جنگ امت مسلمہ کے لیے آبرو اور عالم اسلام کی طرف سے کفارہ بن چکی ہے اس جنگ نے انسانی حقوق کی پامالی کرتے ہوئے حماس کو بدنام ہی نہیں کیا بلکہ فلسطین اور وہاں کی عوام کا شدید نقصان کیا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ اسرایل اور اس کے نمعواوں کے تیار کردہ اشیاء ومصنوعات پر حکومت ہند بن پابندی لگائے اور عوام بالخصوص مسلمان ان کے تیار کردہ اشیا کی خریداری واستعمال کا مکمل بائیکاٹ کریں۔ ان خیالات کا اظہار مقررین نے جماعت اسلامی ہند تلنگانہ اور اسوسی ایشن اسلامک آرگنائزیشن آف انڈیا تلنگانہ کے زیر اہتمام "فلسطینی عوام پر اسرایل کی ظلم و بربریت اور فلسطینی عوام سے اظہار یکاگلت و ہمدردی" کے موضوع پر اجتماعی جلسہ عام سے کیا۔ یہ اجتماعی جلسہ عام نمائش میدان پر منعقد ہوا جس میں دونوں شہروں سے مرد وخواتین طلباء وطالبات اور نوجوانوں کی کثیر تعداد شریک تھی جو جلسہ کے آغاز سے لے کر اختتام تک اسرائیل امریکہ اور اس کے نمعوا ممالک کے ساتھ مسلم ممالک کی پالیسی کے خلاف اور ان کی خاموشی پر سخت تنقید وغصہ کا اظہار کرتے ہوئے فلک شگاف نعرے لگا رہے تھے۔ اس جلسہ عام کی صدارت مولانا ذاکر الدین الاسید فلاحی نائب امیر جماعت اسلامی ہند نے کی۔ مولانا ذاکر الدین الاسید فلاحی نائب امیر جماعت اسلامی ہند نے کہا کہ اس ظالم اسرایل نے بمباری کرتے ہوئے فلسطینیوں کے جان و مال عزت اور آبرو کو پامال کیا جو عالم اسلام کے طرف سے کفارہ کی حیثیت رکھتا ہے اور فلسطین کی سرزمین پر خون خرابہ سے مایوس دشمنین نہ ہوں بلکہ یہ غلبہ اسلام کا نقطۂ آغاز ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ فلسطین کے مسلمانوں کا ایمان اتنا پختہ وقوی ہے کہ وہ نہتے ہی اسرایلی کی ظلم و زیادتیوں کو برداشت کررہے ہیں۔ اسرایل نے معصوم مسلمانوں کے مکانات پر ہی نہیں بلکہ دواخانوں پر بمباری کی اور جانیں ضائع کیا اس ظلم کو فلسطینی عوام اور مجاہدین برے ثابت قدمی سے برداشت کررہے ہیں ایسا محسوس ہورہا ہے کہ فلسطینی مجاہدین کی اس ثابت قدمی کی وجہ سے اب طاغوت میں خوف وہراس کی کیفیت پیدا ہوء ہے اور رب کی ذات سے امید ہے کہ ان طاغوتی طاقتوں کا بہت جلد خاتمہ ہوگا اور امید ہے اسلام کا 2027 تک فلسطین پر غلبہ ہوگا اور فلسطین کو مکمل طور پر آزادی حاصل ہوگی۔ ڈاکٹر خالد مبشر الظفر امیر حلقہ جماعت اسلامی ہند تلنگانہ نے کہا کہ فلسطینی عوام کا خون اور ان پر کیے گئے مظالم بھی اور کسی قیمت پر رائیگاں نہیں جائیں گے یہ مسلہ صرف مسلمانوں تک محدود نہیں بلکہ انسانیت سے وابستہ ہے۔ غزہ پٹی پر جو ظلم وزیادتی کی جارہی ہے اس کی اصل حقیقت دنیا کے سامنے عیاں ہوچکی ہے اسرایل اس بات کی کوشش کررہا ہے کہ غزہ کو مکمل طور پر برباد اور حماس کو بدنام کیا جائے۔ انھوں نے کہا کہ اس جنگ کی وجہ سے انسانی حقوق کی پامالی کیساتھ حقوق بھی متاثر ہورہے ہیں اگر ظلم اسی طرح ہوگا تو اس کے اثرات عالم پر غلط ہوں گے جس کے لیے احتجاج ومظاہرے کیے جاتے رہیں گے۔ جناب محمد اظہر الدین معاون امیر حلقہ جماعت اسلامی ہند تلنگانہ نے کہا کہ مسلسل جنگ کے نتیجہ میں فلسطینوں نے جس جذبہ وعزم اور پامردی کا مظاہرہ کیا ہے ہندوستان ہی نہیں ساری دنیا ان کے اس عزم وہمت کو سلام کرنی چاہیے جنھوں نے پامردی کیساتھ اس سفاک اسرایل کے ظلم کا مقابلہ کرتے ہوے اپنے جان و مال اور املاک کی قربانیاں دیں لیکن ان مسلم ممالک پر افسوس ہوتا ہے جو اس ظلم کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے کے باوجود اپنے محلات میں عیش وعشرت کیساتھ رہ رہے ہیں انھیں اس طرز کو بدلنا پڑیگا۔ مولانا خسرو پاشاہ صدر نشین حج کمیٹی تلنگانہ نے کہا کہ مسجد اقصی جو فلسطین میں واقع ہے یہ مسلمانوں کا قلبہ اول ہے اس لحاظ دنیا کے تمام مسلمانوں کا یہاں سے ایک قلبی تعلق وواستگی ہے آپ نے معراج کی شب حضرت جبریل کیساتھ اس سرزمین سے براق پر بیٹھ کر رب کا بینات سے ملاقات کے لیے رخت سفر باندھا تھا۔

نماز جمعہ سے قبل خطاب

حیدرآباد، 13/جون۔ (راست) مسجد حسینی پہاڑ مجمدی لین پر نماز جمعہ سے قبل مولانا منفتی ڈاکٹر سید شاہ محمد عبدالمتجب نقشبندی قادری کامل عہدہ خطابہ کا خطاب ہوگا۔ نماز جمعہ ٹھیک 2 بجے ادا کی جائے گی۔

☆☆☆ جامع مسجد گلالی شاہ واقع سرور نگر میں 14/جون کو نماز جمعہ سے قبل مولانا حافظ ضیاء الحق خطیب وامام خطاب کرینگے۔ نماز ٹھیک 1-30 بجے دن ہوگی۔

☆☆☆ مولانا حافظ محمد ذاکر شاہ محی الدین قادری صاحب (ناظم مدرسہ شاہ جیلاںؒ، طالبات باتگر) کا قبل نماز جمعہ مسجد احتاف روہیل واڑی بارکس میں خطاب ہوگا۔ نماز جمعہ 1-30 بجے ہوگی۔

☆☆ حافظ وقاری مولانا غلام احمد قریشی مجددی نقشبندی القادری امیر انٹرنیشنل علم تحریک تحفظ سنیت بتاریخ 7/ذی الحجہ بروز جمعہ قبل نماز جمعہ جامع مسجد شیخہ حصہ ابلسنت و جماعت پھول باغ فاطمہ اویسی نگر اور مسجد حضرت ابوالحسنات سی بلاک حافظ باتگر میں خصوصی خطاب کریں گے۔

☆☆ مسجد قدس بالا پور میں 14/جون قبل نماز جمعہ معتمد سراج العلماء اکیڈمی مولانا محمد زعیم الدین حسامی قدر رمضان کے عنوان پر خطاب کریں گے۔ نماز جمعہ 1:45 بجے ہوگی۔

☆☆☆ سکریڈ سیری نشر و اشاعت کے مطابق مسجد ابراہیم (بی بی آر اے) کوارٹس، چنچل پاؤلی میں نماز جمعہ سے قبل حافظ وقاری محمد موسیٰ رضوی کا خصوصی خطاب ہوگا۔ نماز جمعہ 2:45 بجے ہوگی، بعد نماز جمعہ سلام حضور اقدس پیش کیا جائیگا۔

مدرسہ فاطمہ للبنات میں جلسہ یاد حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام

حیدرآباد، 13/جون۔ (راست) سید مدنی پاشاہ صوفیانی کے بموجب مدرسہ فاطمہ للبنات واقع مدینہ کالونی، فلک نما میں 15/جون بروز ہفتہ 12 بجے دن جلسہ یاد حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام بصدارت ڈاکٹر مفتیہ انیس فاطمہ (پرنسپل مدرسہ ہذا) مقرر ہے۔ جلسہ کا آغاز قاریہ منہاج فاطمہ کی قرأت، قاریہ نشاط فاطمہ کی حمد اور قاریہ ناظرین بیگم کی نعت شریف سے ہوگا۔ فاضلہ سیدہ ثانیہ عثمان، قاریہ فرحت زینب، قاریہ حفصہ فاطمہ، قاریہ بی بی معراج، حافظہ نجمہ بیگم قاریہ سیدہ زینب فاطمہ مخاطب فرمائیں گے۔ خواتین و طالبات سے کثیر تعداد میں شرکت کی خواہش کی جاتی ہے۔

جامعۃ المؤمنات میں جلسہ یاد حضرت ابراہیم خلیل اللہ برائے خواتین

حیدرآباد، 13/جون۔ (راست) جامعۃ المؤمنات مغلپورہ میں 14/جون بروز جمعہ صبح 9 بجے ہوگا۔ اس جلسہ میں ڈاکٹر مفتیہ کاظمہ عزیز مؤمنات شیخ الفقہ، ڈاکٹر مفتیہ نسرین افتخار مؤمنات شیخ التفسیر، ڈاکٹر مفتیہ سیدہ عشرت بیگم شیخ المعقولات، ڈاکٹر مفتیہ سیدہ عائشہ طیبہ شیخ التفسیر، مفتیہ صدیقہ فاطمہ شرکت ومخاطب کریں گے۔ خواتین وطالبات سے شرکت کی خواہش ہے۔

مدرسہ اسلامیہ شوکت العلوم میں جلسہ یاد حضرت ابراہیم خلیلؑ اللہ

حیدرآباد، 13/جون۔ (راست) مدرسہ اسلامیہ شوکت العلوم واقع مولانا آزادگنر، عیدی بازار میں 15/جون بروز ہفتہ 12 بجے دن جلسہ یاد حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام مقرر ہے، مولانا حافظ حکیم سید فراست علی قادری (ناظم مدرسہ ہذا) خطاب فرمائیں گے۔ جلسہ کا آغاز طلباء کی قرأت کلام پاک ونعت شریف سے ہوگا۔ منتظمین مدرسہ ہذا نے عوام وکثیر تعداد میں شرکت کی دعوت دی ہے۔

مسجد دینار انجمن میں جلسہ بعنوان ’’پیغام حج قربانی‘‘

حیدرآباد، 13/جون (راست) صاحبزادہ عابد پاشاہ کی اطلاع کے بموجب حضرت مولانا سید صدیق دینار قدس سرہ العزیز کی مابانہ فاتحہ ساتویں شریف 7/ ذی الحجہ کو آستانہ عالیہ دینار انجمن بعد نماز جمعہ مزار قدس پر گل افشانی بعد فاتحہ خوانی سلام بارگاہ حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم میں پیش کیا جائیگا۔ بعد نماز مغرب اسلامک اسکالر مولانا محمد عبداللطیف استاد تاہوری MOL جامعہ عثمانیہ بعنوان ’’پیغام حج قربانی‘‘ پر مخاطب کریگے۔ محفل کا آغاز صاحبزادہ مولانا قاری سید شاہ مدثر حسین کی قرأت کلام پاک سے ہوگا۔ مولانا عامل میاں نعت شریف پیش کریگے، نظامت مولانا قاضی سید شاہ مقصود احمد صفدر امام ایے بی ایڈ انجام دینگے۔ الحاج مولانا محمد فاضل انجینئر مبلغ اسلام نے شرکت کی خواہش کی ہے۔

جامعہ حضرت امام بخاریؒ میں جلسہ یاد حضرت ابراہیم خلیل اللہ

حیدرآباد، 13/جون۔ (راست) جامعہ حضرت امام بخاریؒ میں 15/جون بروز جمعہ 12 بجے دن جلسہ یاد حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام بصدارت ڈاکٹر مفتیہ انیس فاطمہ (پرنسپل مدرسہ ہذا) مقرر ہے۔ جلسہ کا آغاز قاریہ منہاج فاطمہ کی قرأت، قاریہ نشاط فاطمہ کی حمد اور قاریہ ناظرین بیگم کی نعت شریف سے ہوگا۔ فاضلہ سیدہ ثانیہ عثمان، قاریہ فرحت زینب، قاریہ حفصہ فاطمہ، قاریہ بی بی معراج، حافظہ نجمہ بیگم قاریہ سیدہ زینب فاطمہ مخاطب فرمائیں گے۔ خواتین و طالبات سے کثیر تعداد میں شرکت کی خواہش کی جاتی ہے۔

عیدالاضحیٰ پر قریبی رشتہ داروں اور اپنے غریب پڑوسیوں کا خاص خیال رکھیں۔ مولانا خسرو پاشاہ کا پیام عید

حیدرآباد، 13/جون۔ (نیوز فیرسرویس) حضرت مولانا سید غلام فضل بیابانی خسرو پاشاہ صدر نشین تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی نے اپنے ایک صحافتی بیان میں عیدالاضحیٰ (عیدقربان) کے موقع پر عالم اسلام کے مسلمانوں بالخصوص ریاست تلنگانہ کے مسلمانوں کو عیدالاضحیٰ کی دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مبارک ومسعود موقع پر ہم عیدکی خوشیوں میں اپنے قریبی رشتہ دار اور غریب پڑوسیوں کا خاص خیال رکھا جائے اور انھیں عیدکی خوشیوں میں شامل کرلیں۔ قربانی کے گوشت کے حصوں کی تقسیم میں ان کا خاص خیال رکھا جائے اور تقسیم میں انصاف کیا جائے۔ جناب خسرو پاشاہ نے اپنے عید کے پیام میں کہا کہ جب آپ قربانی دے رہے ہیں تو جانور کا فضلہ اور خون کی وجہ سے پڑوسیوں اور دیگر ابنائے وطن کو تکلیف نہ پہنچے عیدکی خوشیوں میں اپنے دیگر ابنائے وطن کو بھی شامل کرلیں۔

ریاستی حکومت کا اردو ترجمان ماہنامہ تلنگانہ جون کا شمارہ منظر عام پر

حیدرآباد، 13/جون۔ (پریس نوٹ) ریاستی حکومت کا ترجمان ماہنامہ تلنگانہ اردو ماہ جون کا شمارہ زیر سرپرستی سید احسن باشمی ڈپٹی ڈائرکٹر محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ، اور اسوسی ایٹ ایڈیٹر ڈاکٹر محمد علیم محی الدین کی ادارت میں شائع ہوا ہے۔ اس شمارے میں، خوشی کی گھڑی محفوظ غذا صحت مند زندگی کی ضامن، یوم تاسیس تلنگانہ کے موقع پر دیرینہ اعلی خطاب، حسین ساگر پر دبائی تفریحات کی دھوم دھام، کانگریس کی طاقت سونیا گاندھی کی رحم دلی، ماہ ذی الحجہ کی اہمیت و فضیلت وغیرہ کے علاوہ دیگر مضامین شامل ہیں۔ اس رسالے کے سجیدہ وپرکشش اداریہ اور کالم نگاروں میں ایس ایم عارف حسین محمد شوکت اللہ انصاری، ڈاکٹر سجیدہ باز ہرانا، ابوالفتح سید بندگی بادشاہ قادری، محمد یونس پرویز، محمد مدثر محی الدین، فرح بانو، نازش سلطانہ، شاذیہ بیگم، نفیس النساء بیگم ودیگر شامل ہیں۔ تلنگانہ کے تمام جماعتوں کے نوشتے، اراکین پارلیمنٹ کی تصاویر کیساتھ ان کی دیانتی تفصیلات درج ہیں۔ اسکے علاوہ حکومت کی فتحیاں، اہم اور دیگر فلاحی اسکیمات پر سیر حاصل مضامین شامل ہیں۔ ماہنامہ تلنگانہ میں حکومت کی سرگرمیاں، ریاست تلنگانہ کے اہم مقامات، مذہبی، سائنسی وصحت اور ادبی مضامین پابندی سے شائع ہوتے ہیں۔ اردو زبان کو مستحکم کرنے کے لیے 20 روپے فی شمارہ سالانہ -/220 روپے ادا کرکے اس کے خریدار بن سکتے ہیں۔ گوگل پے نمبر سرپرست میگزین 9704957486 پر کرسکتے ہیں۔

نسل نو کو سیرت النبیؐ سے واقفیت کیلئے تنظیم انجمن محبان اہل بیت مشیر آباد کی نئی پہل

حیدرآباد، 13/جون (راست) علم کی ترقی یافتہ دور میں امت مسلمہ دین کی اصل بنیادی معلومات سے محروم ہوتی جارہی ہے نئی نسل کو واقف کرانے کیلئے انجمن محباب اہل بیت بھولکا پور مشیر آباد نے ایک پہل کی ہے اس ضمن میں انجمن محبان اہل بیت بھولکا پور مشیر آباد میں ایک مشاورتی اجلاس دفتر انجمن واقع مشیر آباد میں منعقد ہوا جس میں سیرت النبیؐ پر مشتمل ایک مسابقتی امتحان برائے عصری طلبا وطالبات کا انعقاد کرنے پر غور کیا گیا اور کامیاب طلباء میں اول، دوم اور سوم درجے میں آنے والے طلبا کو انعامات دینے کا فیصلہ کیا گیا اس سلسلے میں تیاریوں کا آغاز ہو چکا ہے مسابقتی امتحان سے متعلق تاریخ ومقام کا عنقریب اعلان کیا جائیگا اس موقع پر مولانا حافظ سید شاہد شاہ قادری کامل جامعہ نظامیہ، قاضی حافظ محمد عبدالقادر، ڈی محمد شمشیع صدر انجمن محمد آصف حسین محمد عمران محمد سیف الدین، محمد ارشد حسین سیکریٹری، محمد زبیر حسین ممبر محمد وحید قریشی ودیگر موجود تھے۔ طلباء اور اولیاء طلباء سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ اس جانب توجہ دیں۔ مزید معلومات 9700414157,9989640480 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

ماہانہ مجلس

حیدرآباد، 13/جون۔ (راست) ماہانہ مجلس 16/جون، بروز اتوار بعد نماز فجر، بمقام خانقاہ مدینۃ الاولیاء سراج الصالحین، بنڈلہ گوڑہ، زیر جوماع مسجد ذاکر حسین طاہر منعقد ہوگی۔

صفا بیت المال انڈیا کے زیر اہتمام منظم انداز میں
علماء کی نگرانی میں مشترکہ قربانی اور دیہاتوں میں گوشت کی تقسیم
فی حصہ -/3500₹ | فی جانور -/24,500₹
فی بکرا -/10000₹
ہندوستان کی متعدد ریاستوں کے تقریباً 500 دیہاتوں میں قربانی کے گوشت کی تقسیم کا اہتمام
نوٹ: صرف ایسے حصے لئے جاتے ہیں جن کا گوشت مستحق غریبوں میں تقسیم ہوگا
24/7 رابطہ کریں نمائندے آپ کے گھر پہنچ کر بکنگ حاصل کریں
939 44 19821 / 814 22 11111
آن لائن بکنگ کے لئے IQR CODE اسکیان کریں اور پیمنٹ کے بعد اس نمبر پر اطلاع دیں
BHIM UPI Paytm amazon
Scan & Pay with any App
sbmtrust@kotak
9394419816
www.safabaitulmal.com
SBM SAFA BAITUL MAAL
SAFA BAITUL MAAL RELIGIOUS & WELFARE TRUST
Aecount No. 05121264617, IFSC CODE : KKBK0007446
BANK : KOTAK MAHINDRA BANK, MALAKPET BRANCH
Address: Beside, Masjid-E-Alfalah, Wahid Nagar Old Malakpet, Hyderabad

آج عرس حضرت عبدالستار خان نقشبندیؒ

حیدرآباد، 13/جون (راست) ڈاکٹر سید شاہ خلیل اللہ اویس بخاری نقشبندی، ڈائرکٹر ابوالفتاء اسلامک ریسرچ سنٹر AFIRC کے مطابق پیر طریقت، رہبر شریعت حضرت ابوالفتاء، پروفیسر ڈاکٹر محمد عبدالستار خان نقشبندی مجددی قادریؒ (خلیفہ حضرت محدث دکنؒ و سابق صدر شعبہ عربی جامعہ عثمانیہ) کے 12 ویں عرس شریف کا تیسرا اجلاس، تقریب صندل مالی کا آغاز آج 14/ جون 2024 بروز جمعہ 2 بجے دن بمکان حضرت ابوالفتاء واقع سید علی چبوترہ قصیدہ بردہ شریف سے ہوگا، بعد قصیدہ بردہ جلوس صندل آستانہ حضرت ابوالفتاء واقع میسرم کیلئے روانہ ہوگا، 5 بجے دن صندل مالی و چادر گل، ذکر ومراقبہ، فاتحہ خوانی وختم خواجگان نقشبندی و تقسیم تبرکات مولانا ڈاکٹر محمد مصطفیٰ شریف (سابق ڈائرکٹر دائرۃ المعارف عثمانیہ وڈین فیکلٹی آف آرٹس وصدر انجمن) اور نگرانی عمل میں آئے گی۔ بعد نماز مغرب سجادہ نشین حضرت ظہور شاہؒ سید علی چبوترہ میں جلسہ فیضان اولیاء مقرر ہے۔ مولانا پروفیسر ڈاکٹر محمد فاد الدین انور (معتمد انجمن وچیرمین اور پنٹل جامعہ عثمانیہ) ڈاکٹر سید شاہ خلیل اللہ اویس بخاری نقشبندی (جانشین حضرت ابورجاءؒ، ڈائرکٹر ابوالفتاء اسلامک ریسرچ سنٹر) خطاب کریں گے۔ محمد عبدالحنان خان نقشبندی انتظامات کی نگرانی کریں گے۔ خواہش مند حضرات، مریدین ومتوسلین و وابستگان سلسلۂ عالیہ نقشبندی مجددی وقادریہ سے بہ پابندی وقت شرکت کی درخواست کی جاتی ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے 7416387879 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

خادم الحجاج، عازمین حج کی خدمت کے ذریعہ آخرت کا ثواب کمائیں

صدر نشین حج کمیٹی مولانا خسرو پاشاہ کا زوم میٹنگ کے ذریعہ خادم الحجاج سے خطاب

حیدرآباد، 13/جون۔ (ایس این بی) خادم الحجاج کو چاہیے کہ وہ عازمین حج کی خدمت کو اپنی سعادت سمجھ کر انجام دیں۔ بالخصوص معمر حضرات کا خیال رکھیں انہیں جو مسائل درپیش ہیں ممکنہ طور پر حل کرنے کی کوشش کریں۔ ایسا کرنے سے آپ کو دوگنا ثواب ملے گا اور آپکی آخرت سنور جائیگی۔ خسرو پاشاہ نے کہا کہ عبادت سے جنت ملتی ہے اور خدمت سے خدا ملتا ہے۔ خادم الحجاج کو یہ دیکھنا چاہیے کہ عازمین حج کو قربانی کے کوئٹس وصول ہوئے ہیں یا نہیں۔ حجگ کی تنگی کی وجہ سے منٰی میں رہائش کے لیے مشکلات پیش آئیں ہیں تو اس کے حل نکالنے کی کوشش کریں۔ عازمین حج کی صحت کا خیال رکھا جائے اور آپکی بتایا جائے وہ اپنی دوائیوں کیساتھ اس کے بلیٹی نسٹے اسٹیکس اور اوآر ایس (ORS) اپنے ساتھ رکھنے کی ترغیب دیں۔ جناب خسرو پاشاہ نے مزید کہا کہ لاکھوں کا مجموعہ رہنا ہے جھوڑی بہت مشکلات پیش آتی ہیں۔ آپ اپنا مناسک حج نہایت صبر اور تحمل کیساتھ کریں۔ صدر نشین حج کمیٹی نے کہا ایسے عازمین حج جو 70 برس سے زائد ہیں اور ویل چیر پر ہوں ان پر خاص توجہ دی جائے۔ عازمین حج آگاہ کریں کہ منٰی سے حرم شریف آنے کے لیے طواف زیارت کے لیے کوئی سہولت مہیا نہیں ہے اور حرم سے منٰی واپسی کے لیے بھی سہولت نہیں ہوگی۔ اس کا خاص خیال رکھا جائے عازمین حج اپنے ساتھ چھتری پانی کا بوتل اور اوآر ایس (ORS) نے زور دے کر کہا کہ مشائر کے علاقوں میں عازمین حج سامان کم از کم ساتھ رکھیں۔ جناب خسرو پاشاہ نے حجاج پر زور دے کر کہا کہ سعودی عرب سے واپسی میں بھی سامان سے متعلق آگاہ کریں کہ 20+20 کلو دو بیگس کے حساب سے سٹیج لائیں اور سات کلو وزنی ہینڈ بیاگ ساتھ رکھیں۔ اس زوم میٹنگ کو جناب شیخ لیاقت حسین ایگزیکٹیو آفیسر تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی نے بھی مخاطب کیا۔ جناب عرفان شریف اسسٹنٹ ایی او حج کمیٹی نے کاروائی چلائی اس موقع پر جناب محمد مجیب الدین، جناب محمد لئیق اراکین حج کمیٹی، جناب عثمان محمد خان کانگریسی رہنما کے علاوہ تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی کے ملازمین بھی موجود تھے۔

بگدل شریف میں ماہانہ مجلس حلقہ ذکر

حیدرآباد، 13/جون (راست) محمد سلیم قادری ظہیر آبادی نے اطلاع دی ہے کہ درگاہ آستانہ قادریہ بگدل شریف میں ماہانہ مجلس حلقہ ذکر 11/ذی الحجہ بمطابق 18/ جون کو 11 بجے دن آستانہ قادریہ بگدل شریف میں مقرر ہے۔ جس کی نگرانی حضرت ڈاکٹر اقبال خلیفہ شاہ محمد اورمیں احمد قادری بگدلی سجادہ نشین درگاہ آستانہ قادریہ کریگے۔ اس موقع پر ہر حلقہ میں سجادہ نشین کی خصوصی دعا ہوگی۔ سلیم الدین قادری نے پابندی وقت شرکت کی اپیل کی ہے۔

بیرسٹر اسدالدین اویسی کی تاریخ ساز کامیابی پر آل انڈیا مجلس دعوۃ القرآن کی جانب سے مبارکباد وتہنیت



بیرسٹر اسدالدین اویسی صدر کل ہند مجلس اتحاد المسلمین پانچویں بار رکن پارلیمنٹ حیدرآباد منتخب ہونے پر حافظ وقاری محمد بابا شرف الدین قریشی صاحی صدر آل انڈیا مجلس دعوۃ القرآن کی قیادت میں ایک وفد ضیف نازی عرف ابوٹولی چوکی حافظ وقاری محمد بابا بندالدین قریشی حسامی، محمد سلمان قریشی ودیگر نے دارالسلام پہنچ کر مبارکباد دی گلپوشی وطفری پیش کیا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا اس موقع پر جعفر حسین معراج ایم ایل اے یاقوت پورہ بھی موجود تھے۔

افضل شریف (علی افضل) کا انتقال

حیدرآباد، 13/جون (راست) یہ خبر انتہائی افسوس کیساتھ دی جارہی ہے کہ افضل شریف (علی افضل) صاحب ولد محبوب شریف صاحب کا 13/جون 2024 صبح کے اولین ساعتوں میں قلب پر حملہ کے باعث NIMS اسپتال میں انتقال ہوگیا ہے اور تدفین دائرہ میر مومنؒ میں عمل میں آچکی ہے۔ زیارت 14 جون 2024، بروز جمعہ 4 بجے شام، بمقام: عبادت خانہ حسینیؒ، دارالشفا، مقرر ہے۔ تمہیں ذاکر الجلیبیت مولانا ذاکر رضوی صاحب قبلہ بیان فرمائیں گے۔ تفصیلات کیلئے 8328097572 پر رابطہ کریں۔

سوانح حضرت سید شاہ محی الدین قادری کرنولیؒ

ملک ہندوستان بالخصوص حیدرآباد دکن کی سرزمین اولیاء اللہ اور بزرگان کا مسکن ہے جہاں پر ہر زمانے میں اور ہر دور میں بزرگان دین اور اولیاءؒ اللہ پیدا ہوئے اور ہوتے رہیں گے اور اپنے علمی وروحانی فیضان سے عوام الناس کو مستفید کرتے رہے ہیں۔ ان ہی صالحین اور اولیاء اللہ میں سے ایک قابل ذکر ہستی نمیرہ خسرو غوث الاعظم دستگیر رضی اللہ تعالی عنہ، پیر طریقت رہبر شریعت حضرت سید شاہ محی الدین پیر قادری کرنولیؒ کی ہے۔ کوشہر حیدرآباد میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد بزرگوار کا اسم گرامی حضرت سید شاہ غوث پیر قادری کرنولیؒ ہیں اور آپؒ کے جد امجد حضرت سید شاہ اسحاق ثانی الحسنی قادری بغدادی المعروف حضرت میاں صاحب قبلہؒ بڑا روز بزرگ ہیں۔ آپ کا تعلق سید خاندان کرنول شریف (از سجدہ قادریہ) ہیں، جو کہ حضور غوث پاک رضی اللہ تعالی عنہ کی اولاد پاک سے دسویں پشت میں آتے ہیں۔ اسطرح حضرت سے پیشاہ سلسلہ نسب 25 ویں پشت میں حضور سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے جاملتا ہے۔ آپؒ ایک فقیر کامل عارف باللہ ہیں، آپؒ ہر وقت ذکر الٰہی میں مشغول رہا کرتے تھے، ریاضت ومجاہدات میں اپنا وقت گزارتے ایک سچے عاشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور پیکر علم وعمل رہے ہیں، آپؒ انتہائی سادہ زندگی گزارنا پسند فرماتے، سادی غذاوں اور سادہ لباس کو پسند فرماتے۔ آپؒ فون خوش نویسی سے بخوبی وقیفت تھی، کتابت کرتے ہوئے اکثل حالی اور صدق مقال پر اپنی زندگی کا گزارہ کرتے، آپؒ صاحب کمال اور پابند شریعت اور واقف راہ طریقت تھے، آپؒ کی زندگی کا ایک ایک لمحہ شریعت کا آئینہ دار تھی نماز پنجگانہ کے علاوہ تہجد، اشراق، چاشت اور اوابین کا بھی خاص اہتمام فرمایا کرتے تھے، نصف شب کو بیدار ہوتے اور نوافل پڑھتے اور پھر تسبیح وتحلیل میں مصروف ومشغول ہوجاتے اور پھر دن اوقات میں آپؒ رشد وہدایت میں اپنا وقت گزارتے جو کوئی مریدا مستقد اکتساب علم کے لیے آپ کی کلم کی دولت سے مالا مال کردیتے، اگر کوئی اپنی اصلاح کے لیے آتا تو اصلاح کے لیے آتا تو آپ اس کی ظاہری وباطنی اصلاح فرمادیتے، یہاں تک کہ ایک سالک کو قرب الٰہی کے مراتب پر فائز فرمادیتے۔ اگر کوئی پریشان حال آپ کے پاس اپنے مسائل لے کر آتا تو آپ اپنی دعاؤں سے اس کے مسائل کا حل فرمادیتے بیماں تک کہ علاجی اپنے تعرضات کا حل معلوم کرنے آپ کے پاس آتے تو آپ ان کو شفی بخش جوابات کی عنایت فرمادیتے۔ یہ آپؒ کی زندگی کے معاملات رہے ہیں۔ اسی طرح سے آپؒ نے دم آخر اپنے اسلاف کے علمی وروحانی مشن کو جاری رکھا اور پھر وقت آخرہ بھی آیا جس سے ہر ایک کو گزرنا ہے 12 ذوالحجہ بروز دوشنبہ کو آپ اپنے اہل خانہ اور مریدین ومتقدین سے فرمایا کہ کل یعنی 13 ذوالحجہ کے بعد ہم کسی سے نہ مل سکیں گے حضرت کا یہ ارشاد فرمانا ہی تھا کہ حاضرین اور اہل وعیال میں ایک غم کا ماحول پیدا ہوگیا پھر دوسرے دن یعنی 13 ذوالحجہ شنبہ کو کچھ دیر آرام کرنے کے بعد آپؒ کی آنکھیں کھلی تو تمام وابستگان اہل وعیال کا ہجوم جمع ہوگیا تھا آپ نے سب سے مخاطب ہوکر فرمایا کہ تم لوگ فدروند نہ ہو میں اور میری نسبت اپنے وابستگان سے کبھی غافل نہیں ہے پھر آپؒ نے قرآن پاک کی تلاوت کا حکم دیا سورہ رحمن کی تلاوت چل رہی تھی قاری کل علی من علیھا فان کی آیت پر پہنچ گئے تو بعد آپ نے اپنی آنکھیں بند کرلی اور اس دنیا فانی کو ہمیشہ کے لئے خیرآباد کہتے ہوئے اپنے مالک حقیقت سے جاملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ آپ کا مزار پرانور خیابان قادریہ، تکیہ کبیر الدین قادری، فیل خانہ قدیم، بیگم بازار حیدرآباد میں واقع ہے جہاں پر ہر سال 13 اور 14 ذی حجہ کو آپ عرس شریف بڑے ہی اہتمام سے منایا جاتا ہے انشاء اللہ آج بھی حضرت اور حضرت کے اسلاف کا فیضان اور سلسلہ رشد وہدایت، ہیبت وخلافت جاری ہے اور ہمیں اس وقت اس گفت لوگ مستفید ہورہے ہیں اور ہوتے رہیں گے۔



اردو کو تمام دفاتر، اسکولس وغیرہ نافذ کرنے اردو تحریک وفد کی صدر اردو اکیڈیمی طاہر بن حمدان سے نمائندگی

حیدرآباد، 13/جون۔ (راست) اعجاز علی قریشی صدر اردو تحریک کی قیادت میں ایک وفد جناب محمد کریم خان محمد مظہر الدین اور محمد بشیر نے جناب طاہر بن حمدان صدر نشین تلنگانہ اردو اکیڈیمی کو دفتر پنج بانو ناز کی ملاقات کرتے ہوئے گلپوشی کی اور مبارک دی اور اردو کو دوسری سرکاری زبان کا درجہ دلوانے کیلئے اکیڈیمی تحرک ہوتے ہوئے زبان کے چلن کو عام کریں اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشنل آفیسر کو نمائندگی کرتے ہوئے تمام اسکولس میں اردو کو ایک مضمون کی حیثیت سے پڑھایا جائے اور آرٹی سی بس پر اردو میں تختیوں پر اردو شائل کریں اور تمام محکموں کے بورڈ پر بھی اردو تحریر کروائیں اور ساتھ ساتھ تمام سرکاری سڑکوں کے نام بھی اردو میں تحریر کروانے کے متعلق نمائندگی کی گئی ہے اور اس ضمن صدر نشین اردو اکیڈیمی طاہر حمدان نے اس وفد کو یقین دیا کہ اس سلسلے میں ضروری کاروائی کریں گے۔

مسجد کیلئے تعاون کی اپیل

حیدرآباد، 13/جون۔ (راست) مسجد باؤلی زیبا باغ آصف نگر، حیدرآباد کا دوسال سے تعمیری کام جاری ہے اہل خیر حضرات کے تعاون سے تقریباً کام ہو چکا ہے اور کچھ کام کی تکمیل باقی ہے جس میں لفٹ، مینار، دوسرے فلور پر پلاسٹک، بین گیس ودیگر کام باقی ہے۔ اہل خیر حضرات سے اللہ کے گھر کیلئے تعاون کی گذارش ہے۔ تفصیلات کیلئے 93946339761 پر رابطہ کریں۔

شاہی مہمان کی حیثیت سے سید امیر اللہ حسینی کی حج کو روانگی

حیدرآباد (راست) سعودی عرب کے پادشاہ خادم الحرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کی خصوصی دعوت پر فریضہ حج کیلئے شاہی مہمان کی حیثیت سے سید امیر اللہ حسینی (ایل جے